ریفرنس نمبر: NRL-0251 تاریخ: 30-04-2025

# ٹوتھ پیسٹ کے پروڈکٹ میں بینزل الکحل (Benzyl Alcohol) کا استعمال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کسی ٹوتھ پیسٹ کے پراڈکٹ میں بینزِل الکحل (Benzyl Alcohol) شامل ہو تو کیا اس کا استعمال جائز ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس ٹوتھ پیسٹ میں بینزِل الکحل (Benzyl Alcohol) ہو اس کا استعمال کرنا شرعی طور پر جائز ہے۔

تفصیل کچھ یوں ہے کہ بینزِل الکحل (Benzyl Alcohol) ایک خوشبودار، بے رنگ مائع ہے۔ یہ صنعتی طور پر لیبارٹریز میں بھی تیار کیا جاتا ہے۔ اور قدرتی طور پر کچھ پھولوں اور پھلوں میں پایا جاتا ہے، جیسے یاسمین اور چائے کے پودے۔ بینزِل الکحل کو اس کی کیمیائی ساخت کی وجہ سے سائنسی طور پر الکحل کہا جاتا ہے۔ مگر یہ الکحل، ایتھانول (نشہ آور الکحل) سے صفات و اثر کے اعتبار سے مختلف ہے۔ جن میں سے ایک بنیادی فرق یہ بھی ہے کہ یہ الکحل نشہ آور اثرات نہیں رکھتا اگرچہ اس کا ایک حد سے زیادہ استعمال کرنا مضرِ صحت ہوتا ہے۔ اور اس کی تیاری میں تخمیر (Fermentation) کا عمل بھی نہیں ہوتا جیسا کہ ایتھانول (نشہ آور) الکحل کی تیاری میں ہوتا ہے۔

لہذا جب یہ نشہ آور نہیں ہوتا تو اس اعتبار سے اسے ناپاک یا حرام نہیں کہا جاسکتا۔ اور کسی پروڈکٹ میں اگر اسے استعمال کیا گیا ہو تو اس پروڈکٹ کا استعمال بھی جائز ہی رہے گا۔ (ہاں اگر اس کی تیاری کے عمل کے دوران کوئی ناپاک یا حرام چیز شامل کی جاتی ہو تو اس اعتبار سے حکم مختلف ہو سکتا ہے۔)

زمین سے نکلنے والی معدنیات و نباتات (پودوں، پھلوں اور جڑی بوٹیوں وغیرہ) کے حوالے سے شرعی اصول یہ ہے کہ یہ سب اپنی اصل کے اعتبار سے حلال ہیں جبکہ مُضِر یعنی زہریلی اور نقصان دہ نہ ہوں نیز ان کا استعمال نشے کے لئے نہ ہو۔

چنانچہ اللہ تعالی قرآن حکیم میں ارشاد فرماتا ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ﴾ترجمہ

کنزالایمان: وہی ہے جس نے تمہارے لیے بنایا جو کچھ زمین میں ہے۔ **(البقرۃ، آیت 29)**

اور نباتات و ثمرات کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ﴿فَاَخْرَجْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿۵۳﴾ كُلُوْا وَ ارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ ﴾ ترجمہ کنزالایمان: تو ہم نے اس سے طرح طرح کے سبزے کے جوڑے نکالے، تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ۔ **(پارہ 16، سورۃ طہ، آیت 54، 53)**

تفسیر نسفی میں امام ابو البرکات عبد اللہ بن احمد نَسَفِی رَحْمَۃُاللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 710ھ / 1310ء) لکھتے ہیں:

﴿**كُلُوا وارْعَوْا أَنعامَكُم**﴾ ---والمعنى: أخرجنا أصناف النبات آذنين في الانتفاع بها مبيحين أن تأكلوا بعضها وتعلفوا بعضها" یعنی اور اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے نباتات کی مختلف اقسام کو نکالا، اس طرح کہ انہیں فائدہ اٹھانے کے لیے مہیا کیا اور جائز قرار دیا کہ تم ان میں سے کچھ کھاؤ اور کچھ جانوروں کو چارہ کے طور پر کھلاؤ۔

**(تفسير النسفي، طه، تحت الآية: 54، صفحه 693)**

تمام نباتات حلال و مباح ہیں، جبکہ ضرر یا نشہ نہ دیں، علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمۃ "تتن" نامی ایک بوٹی کے بارے میں کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "(الاصل الاباحۃ او التوقف) المختار الاول عند الجمهور من الحنفية والشافعية۔۔(فيفهم منه حكم النبات الذي شاع في زماننا المسمى بالتتن الذي شاع في زماننا المسمى بالتتن) و هو الاباحة على المختار او التوقف وفيه اشارة الى عدم تسليم اسكاره وتفتيره واضراره" ملتقطا ترجمہ: اشیاء میں اصل اباحت ہے یا توقف؟" حنفیہ اور شافعیہ میں سے جمہور علماء کا مختار مذہب یہ ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔ پس اس قاعدے سے ہمارے زمانے میں رائج تتن نامی بوٹی کا حکم بھی سمجھا جاسکتا ہے" اور وہ مختار مذہب کے مطابق اس کا مباح ہونا ہے یا پھر (غیر مختار قول کے مطابق) توقف ہے اور اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ اگر اُس بوٹی کا نشہ آور ہونا یا ضرر رساں ہونا تسلیم نہ کیا جائے، تب یہ حکم ہے (ورنہ اگر نشہ آور ہو یا ضرر رساں ہو، تو اُسے کھانا، مباح نہیں ہو گا)۔

**(ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الاشربۃ، ج 6، ص 460، دار الفکر، بیروت)**

تمام اشیاء اپنی اصل کے اعتبار سے مباح (جائز و حلال) ہیں جیسا کہ ردالمحتار میں علامہ ابنِ عابدین شامی لکھتے ہیں:

"الأصل في الأشياء الإباحة" یعنی اشیا میں اصل اباحت ہے۔

**(ردالمحتار، کتاب الاشربۃ، جلد 06، صفحہ 459، مطبوعہ دار الفکر، بیروت)**

بینزل الکحل (Benzyl Alcohol) کے متعلق معلومات عامہ کی ویب سائٹ وکی پیڈیا پر ہے:

"Benzyl alcohol is an aromatic alcohol with the formula C6H5CH2OH. Benzyl alcohol is a colorless liquid with a mild pleasant aromatic odor. It is useful as a solvent for its polarity, low toxicity, and low vapor pressure.

Benzyl alcohol is produced naturally by many plants and is commonly found in fruits and teas. It is also found in a variety of essential oils including jasmine, hyacinth and ylang-ylang.

Benzyl alcohol is produced industrially from toluene via benzyl chloride, which is hydrolyzed. Another route entails hydrogenation of benzaldehyde, a by-product of the oxidation of toluene to benzoic acid"

یعنی بینزل الکحل ایک خوشبودار الکحل ہے جس کا کیمیائی فارمولا C6H5CH2OH ہے۔ یہ ایک بے رنگ مائع ہوتا ہے جس میں خوشگوار اور ہلکی مہک ہوتی ہے۔ یہ اپنی polarity، کم زہریلے پن، اور کم بخاراتی دباؤ کی وجہ سے مفید سالوینٹ (محلِّل) ہے۔ بینزل الکحل قدرتی طور پر کئی پودوں میں بنتی ہے اور عام طور پر پھلوں اور چائے میں پائی جاتی ہے۔ یہ مختلف essential oils میں بھی موجود ہوتی ہے، جن میں یاسمین، ہیاسنتھ اور یلنگ یلنگ شامل ہیں۔ صنعتی طور پر بینزل الکحل ٹولوئین (toluene) سے تیار کی جاتی ہے، جسے بینزل کلورائیڈ میں تبدیل کر کے ہائیڈرولائز کیا جاتا ہے۔ ایک اور طریقہ یہ ہے کہ بینزالڈیہائیڈ (benzaldehyde) کو ہائیڈروجنیشن کے ذریعے بینزائل الکحل میں بدلا جاتا ہے۔ بینزالڈیہائیڈ دراصل ٹولوئین کو بینزوئک ایسڈ میں آکسیڈائز کرنے کے عمل کا ضمنی پیداوار (by–product) ہوتا ہے۔

**(https://en.wikipedia.org/wiki/Benzyl_alcohol) (ملتقطا)**

ایک اور ویب سائٹ پر بینزل الکحل (Benzyl Alcohol) کے متعلق لکھا ہے:

"Although the term "alcohol" is used in the name, it does not contain any ethanol, the volatile alcohol found in alcoholic beverages and mouthwash products, and may be present in products that are considered alcohol free. in chemistry the term alcohol is used more broadly to describe many organic

compounds that share a common functional group, even though the materials themselves all behave very differently.”

یعنی اگرچہ اس کے نام میں "الکحل" کا لفظ موجود ہے، لیکن اس میں ایتھانول (نشہ آور الکحل) شامل نہیں ہوتا، جو ایک اُڑنے والا الکحل ہے اور شراب یا ماؤتھ واش جیسی اشیاء میں پایا جاتا ہے۔ بینزل الکحل اُن مصنوعات میں بھی شامل ہو سکتے ہیں جن پر " (alcohol free) " لکھا ہوتا ہے۔ کیمسٹری میں "الکحل" کی اصطلاح زیادہ وسیع مفہوم میں استعمال ہوتی ہے اور ایسے کئی نامیاتی مرکبات کو شامل کرتی ہے جن میں ایک مشترکہ فنکشنل گروپ ہوتا ہے، اگرچہ یہ مرکبات اپنے خواص میں ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوتے ہیں۔

**(https://www.tomsofmaine.com/pages/ingredient/benzyl-alcohol)**

**واللہ اعلم** عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

**کتبـــــــــــــــــہ**

**المتخصص فی الفقہ الاسلامی**

**محمد ساجد عطاری**

02ذیقعدۃ الحرام 1446ھ/30اپریل 2025ء

**الجواب صحیح**

**مفتی ابو الحسن محمد ہاشم خان عطاری**



فوڈز، ڈرنکس، کاسمیٹکس اور دیگر مصنوعات کی شرعی حیثیت جاننے کے لیے آپ حلال ریسرچ اینڈ ایڈوائزری کونسل کا وزٹ کر سکتے ہیں یا ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں

halal@daruliftaahlesunnat.net

ایڈریس: 171، E1 بلاک، جامع مسجد فیضان نوری رضوی جوہر ٹاؤن، لاہور پاکستان